درسِ رمضان المبارک:15

مرتبین

مولانا محمد فاروق سیالوی

مولانا عبیداللہ سید

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ پندرہ مع درسِ حدیث

مرتب :مولانا محمد فاروق سیالوی، مولانا عبید اللہ سید

صفحات : 10

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا محمد فاروق سیالوی، مولانا عبید اللہ سید

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ پندرہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللہ

صرف اللہ ہی کو ہر طرح کا کارساز حقیقی مانو۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت3)

اور ہر انسان کی قسمت ہم نے اس کے گلے سے لگادی ہے اور اس کے لیے قیامت کے دن ایک نوشتہ نکالیں گے جسے کھلا ہوا پائے گا۔ فرمایا جائے گا کہ اپنا نامہ پڑھ آج تو خود ہی اپنا حساب کرنے کو بہت ہے۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت13,14)

اے سننے والے اللہ کے ساتھ دوسرا خدا نہ ٹھہرا کہ تو بیٹھ رہے گا مذمت کیاجاتا بیکس۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت22)

اور تمہارے رب نے حکم فرمایا کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر تیرے سامنے ان میں ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان سے ہُوں نہ کہنا اور انہیں نہ جھڑکنا اور ان سے تعظیم کی بات کہنا۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت23)

اور ان کے لیے عاجزی کا بازو بچھا نرم دلی سے اور عرض کر کہ اے میرے رب تو ان دونوں پر رحم کر جیسا کہ ان دونوں نے مجھے چھٹپن میں پالا۔۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت 23تا26)

.15 اپنا ہاتھ اپنی گردن سے بندھا ہوا نہ رکھو۔(بخل نہ کرو)اور فضول خرچی نہ کرو(پارہ15,بنی اسرائیل آیت 29)

اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرو مفلسی کے ڈر سے ہم تمہیں بھی اور انہیں بھی روزی دیں گے بیشک ان کا قتل بڑی خطا ہے۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت 31)

اور بدکاری کے پاس نہ جاؤ بیشک وہ بے حیائی ہے اور بہت ہی بُری راہ۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت 32)

اور کوئی جان جس کی حرمت اللہ نے رکھی ہے ناحق نہ مارو اور جو ناحق مارا جائے تو بیشک ہم نے اس کے وارث کو قابو دیا ہے تو وہ قتل میں حد سے نہ بڑھے ضرور اس کی مدد ہونی ہے۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت 33)

اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر اس راہ سے جو سب سے بھلی ہے یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچے اور عہد پورا کرو بیشک عہد سے سوال ہونا

ہے۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت34)

اور ماپو تو پورا ماپو اور برابر ترازو سے تولو یہ بہتر ہے اور اس کا انجام اچھا۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت35)

اور اس بات کے پیچھے نہ پڑ جس کا تجھے علم نہیں بیشک کان اور آنکھ اور دل ان سب سے سوال ہونا ہے۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت36).

اور زمین میں اتراتا نہ چل بیشک تو ہر گز زمین نہ چیر ڈالے گا اور ہر گز بلندی میں پہاڑوں کو نہ پہنچے گا۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت37)

یہ ان وحیوں میں سے ہے جو تمہارے رب نے تمہاری طرف بھیجی حکمت کی باتیں اور اے سننے والے اللہ کے ساتھ دوسرا خدا نہ ٹھہرا کہ تو جہنم میں پھینکا جائے گا طعنہ پاتا دھکے کھاتا۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت 39)

اور میرے بندوں سے فرماؤ وہ بات کہیں جو سب سے اچھی ہو بیشک شیطان ان کے آپس میں فساد ڈال دیتا ہے بیشک شیطان آدمی کا کھلا دشمن ہے۔(پارہ15,بنی اسرائیل آیت53)

نماز قائم رکھو سورج ڈھلنے سے رات کی اندھیری تک اور صبح کا قرآن

بیشک صبح کے قرآن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔

قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھو(پارہ15,بنی اسرائیل:106)

نعمتوں پر اللہ کا شکر ادا کرو اور یوں کہو مَا شَآءَ ٱللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِٱللَّهِ(پارہ 15,کہف:39)

مال اور اولاد دنیا کی نعمتیں ہیں(پارہ15ءکہف46)

نیک اعمال کرو(پارہ15ءکہف46)

اللہ کے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ(پارہ15,کہف50)

اللہ پر ایمان لاؤ(پارہ15,کہف:55)

اللہ سے مغفرت طلب کرو(پارہ15,کہف:55)

اللہ کی آئتوں کا انکار مت کرو(پارہ15,کہف:57)

بے جا سوال مت کرو(پارہ15,کہف70)

بنا علم کے چیزوں کی کھوج میں نہ پڑو(پارہ15,کہف70)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دُعا رَد نہیں کی جاتی

اَلدُّعَاءُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ لَا يُرَدُّ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: دو(2) دُرودوں کے درمیان مانگی جانے والی دُعا رَد نہیں کی جاتی۔(الشفا، 2/66)

سونا عبادت

نَوْمُ الصَّائِمِ عِبَادَةٌ، وَسُكُوتُهُ تَسْبِيحٌ، وَدُعَاؤُهُ مُسْتَجَابٌ، وَعَمَلُهُ مُتَقَبَّلٌ

(شعب الایمان، 3/415، حدیث:3938)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم: روزہ دار کا سونا عبادت اور اس کی خاموشی تسبیح کرنا اور اس کی دعا قبول اور اس کا عمل مقبول ہوتا ہے۔

شرحِ حدیث: روزہ دار کا سونا عبادت ہے خواہ وہ روزہ نفلی ہو یا فرض۔روزہ دار کی خاموشی تسبیح کی طرح ہے،اس کی دعا اور عمل مقبول

ہے۔ یہ فضیلت اُس روزے دار کے لئے ہے جو اپنے روزے کو غیبت وغیرہ گناہوں سے خراب نہ کرے۔(التیسیر بشرح الجامع الصغیر،2/462)

(30) مسجد میں دنیا کی باتیں

يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَكُونُ حَدِيثُهُمْ فِيْ مَسَاجِدِهِمْ فِيْ أَمْرِ دُنْيَاهُمْ، فَلَا تُجَالِسُوْهُمْ، فَلَيْسَ لِلّٰهِ فِيْهِمْ حَاجَةٌ

(شعب الایمان،3/86، حدیث:2962) فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم :لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ مساجد میں دنیا کی باتیں ہوں گی، تم ان کے ساتھ مت بیٹھو کہ اللہ پاک کو ایسے لوگوں کی کوئی حاجت نہیں۔ شرح حدیث:یعنی اللہ پاک اُن پر کرم نہ کرے گا،ورنہ رب کو کسی بندے کی ضرورت نہیں،وہ ضرورتوں سے پاک ہے۔(مراٰۃ المناجیح، 1/457)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | روزگار بھی پائیں

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ
9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: 500 روپے | ہندوستان: 300 روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس ایپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس
استاذ التحقیق والتصنیف علامہ راشد علی مدنی
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل